سوال

استقبال کھڑے ہو کر

جواب

مہمان کے استقبال میں کھڑے ہونا۔ ؟السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ آنے والے کسی معزز کے لیے کھڑے ہو کر استقبال کرنا کیسا ہے۔ ؟الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر کوئی مہمان دور سے یا کافی عرصے کے بعد آئے، تو احتراما اس کے ساتھ سلام لینے، یا معانقہ کرنے کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے۔ نبی کریم سیدہ فاطمہ کی آمد پر کھڑے ہوجاتے اور ان کا ہاتھ پکڑ لیتے تھے، اسی طرح سیدہ فاطمہ نبی کریم کے استقبال میں کھڑی ہوجایا کرتی تھیں۔ اسی طرح جب سیدنا سعد بن معاذ تشریف لائے تو نبی کریم نے صحابہ کرام کو کھڑے ہونے کا حکم دیا۔ باقی منع پر مبنی احادیث ایسے شخص کے بارے میں وارد ہیں جو بطور تکبر لوگوں کے استقبال کا خواہش مند ہو، اور وہ چاہتا ہو کہ لوگ اس کے لئے کھڑے ہوں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتویٰ کمیٹی محدث فتوی